© rasailojaraid.com

ماہنامہ ترجمان الحدیث فیصل آباد

کاوش : عبدالرحمٰن عاجز مالیر کوٹلوی

رہبر رہرواں ہے ترجمان الحدیث
جادہ حق نشاں ترجمان الحدیث

ترکہ رفتگاں ترجمان الحدیث
ورثہ وارثاں ترجمان الحدیث

زندگی جن کی درس حدیث رسول
ان کا دل ، ان کی جاں ترجمان الحدیث

ہے حدیث نبی ﷺ باغ دین مبین
اسی کا ہے باغباں ترجمان الحدیث

دین و علم و ادب کے افق پر ہوا
جلوہ زا ، ضو فشاں ترجمان الحدیث

ہر جریدہ کا ہے اپنا اک راستہ
قبلہ رخ ہے رواں ترجمان الحدیث

کشتہ حسرت و یاس کے واسطے
مشفق و مہربان ترجمان الحدیث

نام میں کام میں صورتاً سیرتاً
عامل عزّ و شاں ترجمان الحدیث

اختتام نبوّت محمد ﷺ پہ ہے
اس کا پاسباں ترجمان الحدیث

ایک گنج گہر ہے حدیث نبوی ﷺ
اور گوہر فشاں ترجمان الحدیث

ہے کلام الٰہی کی آیات کا
شارح و ترجمان ، ترجمان الحدیث

شرک و بدعات و الحاد کی راہ میں
ایک کوہ گراں ترجمان الحدیث

سائے تاریکیوں کے سمٹنے لگے
یوں ہوا ضو فشاں ترجمان الحدیث

وعدہ شوق و پیمان خود آگہی
نقش دل ،حرز جاں ترجمان الحدیث

دین و ایمان و مذہب ہے اک کارواں
قائد کارواں ترجمان الحدیث

شام کرب و بلا ،جہل و فسق وفجور
صبح امن و اماں ترجمان الحدیث

ہے دعا ، عاجزؔ ، ناتواں کی یہی
ہو سدا کامراں ترجمان الحدیث

پیشکش: ندیم الرحمٰن کانڈیوال

© rasailojaraid.com